الٰہی عاقبت محمود گردان
الحمد للہ کہ کتاب مستطاب
موسومہ
خواب نامہ فالنامہ
بفرمایش
حاجی ملک دین محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور
ہلال پرنٹنگ پریس لوہاری دروازہ گلی موچھ گراں لاہور

محمد عبدالرشید خوشنویس

مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

دریں زمان میمنت فرجام برائے افادہ خاص و عام رسالہ عجیبہ غریبہ

المسمّٰی بہ

خواب نامہ

مع

فالنامہ

بفرمائش

ملک دین محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

مورخہ ۱۵ر جون سنہ ۱۹۲۸ء

عماد لگرہی حال وارد لاہور

باہتمام حاجی ملک دین محمد مالک دین محمدی الیکٹرک پریس بیرون اکبری دروازہ لاہور۔

اے بیک قلم ہے جا ادب کی ‏ منزل ہی یہ حمد پاک رب کی
خالق ہے زمین و آسمان کا ‏ مبدع ہے وہ روح انس و جاں کا
یہ خاک کا مرتبہ بڑھایا ‏ جن و حور و ملک بنایا
آدم سے شروع انبیا ہے ‏ حضرت احمد پہ انتہا ہے
چمکایا نور جہان میں ایمان ‏ کفار نہ شقی ہوئے مسلمان
پھر بعد ہی خلیفہ چار ‏ دل سے رہے دین کے مددگار
جاہل ہوئے علم دین کے فاضل ‏ امی ہوگئے اولیائے کامل
اسماء کی بتائی سب کو تاثیر ‏ سکھلایا کسی کو فن تعبیر
دل سے ہوئی اضطرار زائل ‏ مقصود ہوئی جہان میں حاصل

اس راہ میں سر کے بل گذرنا ‏ صفحہ پہ قدم سنبھل کے رکھنا
اک کن سے کیا ظہور عالم ‏ مٹی سے کیا ظہور آدم
ایمان کی کرکے پھر ہدایت ‏ بھیجا دنیا میں بہر طاعت
تھا نور کا جسم پاک اطہر ‏ مقصود تھا سایۂ پیغمبر
ہر روز ہوئی ترقی دین ‏ ایمان سے جہان نے پائی تزئین
اسلام عز و شان دکھائی ‏ گمراہوں نے راہ راست پائی
اسرار خدا سے ہوئے ماہر ‏ آثار کئے جہاں میں ظاہر
رویا میں نظر جو جس کو آیا ‏ دن کو اس نے ظہور پایا
واقف ہوا راز حق سے عالم ‏ پھیلا دنیا میں دین اعظم

مشتاقان امور غیب و طالبان رموز لاریب پر ظاہر ہو۔ ہر دانشمند اس راز سے ماہر ہو کہ زمانہ ماضی سے تا حال کوئی رسالہ نئی تعبیر خواب میں چھپا نہیں ایک عالم کو مشتاق پایا۔ ہر ایک فن کا جویا نظر آیا خواب دیکھنے والوں کو حیران دیکھا۔ پس بنظر افادہ انام ایک رسالہ مختصر تحریر کیا۔ طول فضول سمجھ کر لب لباب لکھ دیا بس کہ اس امر سے حائل پوشیدہ آشکارا ہے۔ اس واسطے نام اس کا تعبیر نامہ خواب ہے ناظرین باتمکین سے امید ہے۔ کہ اس کو بدلجمعی ملاحظہ فرما دیں گے جہاں سہو ہو اصلاح سے مزین بنائیں۔ اگر ربط عبارت پسند آئے مقصود بآسانی حل ہو جائے جس پر راز مخفی کا بے تکلف اظہار ہو حال میں نفع وہم سے خبردار ہو۔ سراپا عیوب خادم العلماء محمد یعقوب کے حق میں یہ زبان پر لائے کہ ماضی کا خاتمہ بالخیر فرما وے۔ واضح ہو کہ اس علم کی فضیلت جملہ علوم و فنون پر ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ خواب مومنین ایک درجہ نبوت ہے اور تعبیر وہ علم ہے کہ انبیاء و رسل کے حصہ میں آیا مضمون وَلِنُعَلِّمَهُ مِنْ تَاوِيلِ الْاَحَادِيثِ پس جو شے خاص ہو۔ اسکی صفت عام فہم کیونکر رقم ہو۔ دوسری روایت میں اس عنوان سے ہے۔ ذَهَبَ النُّبُوَّةُ وَبَقِيَ الْمُبَشِّرَاتُ جناب حضرت عائشہ

صدیقہ نے عرض کیا بشارت سے کیا مراد ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جو لوگ ایمان لائے
کہ خود آپ کو نیک دیکھیں۔ یا ان کو اور لوگ نیک دیکھیں۔ اور عبادہ بن صامت سے روایت
ہے کہ میں نے حضرت کی خدمت میں عرض کی کہ اس کی تفسیر کیا ہے اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ
کَانُوْا یَتَّقُوْنَ لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ آپ نے فرمایا۔ جو لوگ
ایمان لائے۔ خدا اور میری رسالت پر انکے واسطے بشارت سے مراد خواب نیک ہے
جناب احدیث نے ایک فرشتہ مامور کیا ہے۔ اس کا نام ملک الرویا ہے اس کو حکم ہے
کہ جو امور فرزند آدم پر وارد ہونے والے ہیں خواب میں دکھا دے اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ
لَرَءُوْفٌ الرَّحِیْمٌ ایک تہدید یعنی ملک الرویا کو حکم ہوتا ہے۔ کہ جو افعال بد ہیں آگاہ کریں
کہ بندہ توبہ کرے۔ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْٓ اُعِدَّتْ لِلْکٰفِرِیْنَ ط دوسرا یہ کہ نیک کاموں کی
بشارت دے کہ عبادت بصدق دل کرے۔ جیسا کہ ارشاد ہوا فَمَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنْ یَّھْدِیَہٗ یَشْرَحْ
صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ پس چاہئیے کہ دنیا کو عبادت گاہ سمجھے اور نیک کاموں میں مصروف رہے
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم الدنیا مزرعۃ الآخرۃ آخرت کو دار الجزا اعمال جانے
بقولہ تعالیٰ فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ ومن یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ محققین رمز
آشنا مقدمین رہنما کا قول ہے کہ صحت خواب میں چند شرائط کا جمع ہونا ضروری ہے ہنیں تو
فتور ہے کہ خواب دیکھنے والا صحیح المزاج پرہیزگار ہو۔ واقف طریقہ اذکار ہو جسم طاہر ہو۔ دیکھنے
والوں کے نزدیک بینا کا پردہ آنکھوں پر پڑا ہو مگر دل کھلا ہو ذکر حق کے جلا سے آئینہ صفا ہو دوسرے سوتے
وقت باوضو ہو۔ داہنی کروٹ لیٹ کر سووے۔ حدیث میں آیا ہے کہ جناب سرور کائنات
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ان چیزوں کو اپنا رفیق رکھتا ہوں۔ ایک روزہ ایام بیض
دوسرے نماز اشراق یا طہارت۔ تیسرے سونا اور سونے سے پہلے یہ دعا پڑھنا اللھم انی
اعوذ بک من شر الاحلام واستغفرک من مس الشیطان فی رافانا ثم دلم اور بعض روایت
میں یہ دعا ہے۔ اللھم انی اسلمت الیک وجھت وجھی الیک وبحا ظھری الیک
وعبادلتہ سفرمک الیک اللھم انشاروت اوصادقۃ خیر کاذبۃ وصالحۃ ساحرۃ
غیر الحریۃ ونافحۃ غیر ضادۃ فی اکل ولاٰل سعید فیفتمون بلاغت شیعون ط

اصدقکم حدیثا اصدقکم رویا نقل ہے کہ ورقہ بن نوفل کو خواب میں دیکھا کہ جامہ سفید پہنے ہوئے بشاش ہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر ورقہ اہل جہنم سے ہوتا۔ تو ہرگز اس لباس سے خواب میں نظر نہ آتا۔ ظاہر ہے کہ وہ راست گو تھا۔ جس ہنگام میں تجھ پر وحی نہ آتا معتبر راہ ہدایت تھا۔ بارہا خدیجہ کبرے سے کہا کہ محمد سچے ہیں۔ جو حضرت عیسے ابن مریم پر آئے تھے مسلمانونکو لازم ہے۔ کہ راستی اختیار کریں وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصدق الرویا رویا النہار و رویا السجود نور من اللہ یعنی خواب صبح کا صحیح اور سریع النتائج ہے۔ رات کے خواب سے علی الخصوص جو متصف باوصف حمیدہ ہو خلق کی نظر میں پسندیدہ ہو۔ ایسے شخص کا خواب سچا ہے۔ جناب رسالتمآب نے فرمایا۔ کہ پہلے خواب حضرت آدم نے دیکھا تھا۔ جب بیدار ہوئے تو حضرت حوا کو پہلو میں پایا۔ حضرت باری نے فرمایا کہ اے آدم یہ کون ہے۔ آپ نے عرض کی یہ حوا ہے جس کو میں نے خواب میں دیکھا تھا۔ دوسرا خواب ابراہیم کا جس کی تعبیر میں حضرت اسمٰعیل کے ذبح پر آمادہ ہوئے انی اری فی المنام انی اذبحک فانظر ماذا تری تیسرا خواب حضرت یوسف کا انی رایت احد عشر کوکبا والشمس والقمر رایتہم لی سٰجدین نتیجے میں سلطنت مصر ملی۔ بھائیوں کی بندگی قبول کی پسند حضرت سرور عالم نے اپنے خواب میں دیکھا لبید بن عصم سحر کر کے کوئیں میں ڈالا ہے صبح کو آپنے بیان کیا۔ اور اس چاہ سے موئے مبارک نکالے اسوقت جبرئیل نازل ہوئے اور معوذتین تعلیم کی۔ اس کی برکت سے عقدہائے سحر وا ہوئے۔ امام جعفر صادق نے فرمایا رات کا خواب بھی صحیح ہے۔ مگر ظہور اثر کبھی دیر کبھی جلد ہوتا ہے۔ اور خواب شب کی مدت چالیس سے ساٹھ برس تک ہے جیسا حضرت رسالت مآب کی خواب شہادت حسین نے اور بھی اکثر ہے۔ پس جو خواب کسی قسم کا دیکھئے چاہئیے کہ پہلے ایسے شخص کے سامنے بیان کرے جو سلیم الطبع۔ بردبار متقی پرہیزگار ہو۔ غوامض حدیث رہبر مس خبردار ہو اور بیان خواب میں تجاوز و تفاوت نہ کرے۔ تقدیم و تاخیر کا لحاظ رہے۔ حدیث میں آیا ہے۔ من کذب فی الرویا کلف یوم القیمۃ عقد الشعرا اور خواب سے بیدار ہو پھر نہ سوئے۔ سو جانے سے تاثیر بدل جاتی ہے۔

اگر خواب بد نظر آئے۔ گھبر اکر آنکھ کھل جائے تو فوراً زمین پر تھوک دے۔ پھر کروٹ بدلے
اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم یا عظیم الاعلیٰ نفدتلک یا عالی الاعلی ادفع عنی
من شر ھذہ الرویا و من شر ما فیہا اور وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی میں سورۃ فلق
دوسری میں سورہ والناس کہ خدائے عزوجل اس خواب بد کو نیکی سے بدل کرے اور بعد نماز صبح کے
توبہ کرے جب دن نکلے کہ نحوست شب دور ہو الغرض اس علم کے کرنے والونکو سب امور کا
لحاظ ضرور ہے۔ اگر حصول دولت منظور ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ معبّر کو چاہئیے۔
کہ پہلے کیفیت خواب بتوجہ دلی سنے اور آغاز سے انجام تک سب امور کو نظر میں رکھے اور غور
ذفکر سے تطبیق دے۔ جلدی نہ کرے۔ اور کہے خیر لنا وشر لاعدانا بارك الله لنا
ولکم۔ اور ایک خواب دوسرے سے بیان نہ کرے جبتک اسکا ظہور نہ ہووے اور شب
کو خواب بامید تعبیر بیان نہ کرے۔ کہ شب نور سے خالی ہے۔ زوال ماہ کیفیت
سب پر حالی ہے قولہ تعالیٰ واللیل اذا یغشٰے اور ان وقتوں میں خواب کی تعبیر
نہ کہے۔ ایک دم طلوع آفتاب دوسرے آخر روز غروب مہر اور تیسرے ما بین
اذان و اقامت و ادائے فریفتہ۔ چوتھے ابر اور آندھی میں پانچویں روبروئے طفل نافہم یا
جاہل گستاخ اور خداوند خواب کے مراتب وجاہ کا بھی محافظ ضرور ہے۔ کہ خواب کئی قسم
کے ہوتے ہیں۔ ایک خواب بادشاہ و حاکم کا دوسرا جلیس وابنن کا تیسرا فقیر محدث کا
چوتھا رئیس مرد وقاضی کا پانچواں دیوان وزیر مشیر کا چھٹا زاہد وعیاد کا ساتواں کنیز و
غلام کا آٹھواں جمہور ذکور کا نواں تونگر کا۔ گیارہواں زنان ذی عفت کا بارہواں اولیان
وفواحش کا۔ تیرہواں لڑکوں کا۔ چودہواں بڈھوں کا۔ جیسے فرعون نے دیکھا تھا کہ آگ
شام کی جانب مشتعل ہوئی اور مصر تک پہنچی۔ جب معبر سے بیان کیا۔ جواب دیا کہ صاحب
عزم شام سے خروج کرے گا۔ اور لشکر کو جہنم میں پہنچائے گا۔ چنانچہ حضرت
موسےٰ علیہ السلام مبعوث ہوئے۔ اور قتل کفداں کیا۔ اور فرمایا
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب مسلمان کا بہتر ہے۔ مرتد ہے
اور خواب عالم کا جاہل سے اور خواب مرد کا عورت سے اور خواب قاضی کا مردمان بازاری

سے اور خواب صالح کا بد سے علےٰ ھذا القولہ تعالیٰ ام حسب الذین اجترحوا السیات ان نجعلھم کالذین آمنو وعملو الصالحات سواء محیاھم ومماتھم ساء ما یحکمون اور اصول خواب تعبیر یہ ہے کہ کو درخت سے علو رفت مدارج مرومان بیان کرے اور زین وشلوار از وطیور سے ہے۔ عورت کی تشخیص سمجھے۔ اور اجناس غلہ وکنجد وکاہ خرما وفواکہ دولت صحت کا استخراج کرے اور سبزہ ثمر و گلزار و عطریات سے کرم وخلق ومروت کا گمان رکھے۔ اور دریا وچشمہ ودیوار وآلات حرب سے بادشاہی یا حکمرانی کا لحاظ رہے۔ اور شیر و رند ور وغن سے یا میراث جدیا عقائد حسنہ کا خیال ہو اور درندوں و چرندوں سے دشمنی وخوف گزند کا احتمال ہو۔ اور مسکرات سے لہو لعب بازی ہو اور فواحش کو تکلیف وعذاب کی علامت جانے۔ الحاصل ایک ایک امر کو دوسرے سے تطبیق دے۔ اگر نتیجہ احسن نکالے۔ جوانب پہلو کا لحاظ رہے۔ بے سمجھے اور فکر کئے بات زبان پر نہ لائے ضرور تائید الٰہی ہوگی ہاں وہ اگر دماس نعمت کی تحصیل سے محروم جس کے حق میں ارشاد حی قیوم ہے اولٰئک کالانعام بل ھم اضل اور بعض معبرین نے قاعدہ بحساب جمل استخراج کیا ہے۔ اس طرح رواج دیا ہے۔ کہ جب مضمون خواب بخوبی سمجھ میں آوے تو خوب دیکھنے والے کا نام لکھ کر علیحدہ نکالے اس میں گیارہ گیارہ طرح کرکے جو باقی ہے۔ فکر کرے مثلاً ایک رہے تو مراد ہے محنت برباد کرے۔ اگر دو رہیں۔ رنج میں مبتلا رہے۔ زیان کا سامنا ہو۔ مگر نقصان سے بچے۔ گزند سے محفوظ رہے۔ اگر تین رہے۔ تین شخصوں سے یاری ہووے۔ ضرورت میں مددگاری ہو۔ اگر چار ہیں۔ علم تنجیم حاصل ہو اگر پانچ رہیں سپاہ یا لشکر کا افسر ہو جاوے۔ یا آلات حرب مفت پائے اور چھ رہیں تو چھ دن یا چھ مہینے یا چھ سال میں دولت ملے۔ صاحب مال ترقی و اقبال ہو۔ اگر سات رہیں بہائم سے فائدہ پاوے۔ غیر جنس سے دولت ملجائے اگر آٹھ رہیں حوادث وآفات کا حفظ کرے۔ ہر امر میں احتیاط رکھے۔ اگر نو رہیں فتنہ دین دیانت ہو۔ مگر ظفر پائے۔ دشمن کو ندامت ہو۔ اگر دس رہیں ثواب عظیم پاوے پرہیزگار مشہور ہو جائے۔ اگر گیارہ رہیں۔ بزرگی و ریاست وسرداری پائے۔ مقصود دل مل جائے۔ کبھی بالحروف کی بھی کتب معتبرہ میں ہو رہا ہے

لکھی ہے۔ کہ خواب دیکھنے والا جب بیان کرے۔ معبر دل سے سنے۔ پہلے جو حروف نکلے یاد رکھے۔ بعد تطبیق تعبیر کہے۔ اگر سر کلمہ الف ہے تو امن یا اسلام یا اسپ یا اشتر ملے۔ ب ہے بلا دید ہے۔ اگر ت ہے تو نتائید اگر ث ہے ثابت قدم و ثنا خوان اگر ج ہے تو جمال و جلال ہو اگر ح ہے حیات ہے درجہ کمال ہو۔ اگر خ ہے خیر ہے۔ خیر و خوبی شامل ہے۔ اگر دال ہے دولت و نعمت پائے۔ دنیا سے بخیر ہو جائے۔ اگر ذال ہے شادے ہے اگر ر ہے رفعت زیادہ ہو۔ اگر ز ہے زیادتی مال ہے یا زیان ہو۔ اگر سین ہے سن و سال بڑھے سہو و سفاہت ہو اگر شین ہے شادی و شہادت ہو یا شرک و شر و شراکت و شماتت ہو اگر ص ہے صبر و صیانت ہو یا صعوبت ہے۔ اگر ض ہے ہو ضیق بشدت ہو۔ اگر ط ہے تو طرب ہے۔ اگر ظ ہے ظلم اور ع ہے علم عرفان حاصل ہو اگر غ ہے غصہ شامل ہو اگر ف ہے فلاح ہو یا فتنہ سے رنج پائے۔ اگر ق ہے قوت و قدرت ہو۔ اگر ک ہے کمال کفایت ہو اگر ل ہے لقا سے لطف ہو اگر م ہے محبت و مملکت ہو۔ اگر ن ہے نعمت و نصرت ہو اگر و ہے وقار و وفا پائے یا ویل دوام میں مبتلا ہو جائے۔ اگر ھ ہے ہدایت ہو یا ہول و ہلاکت ہو لاتخافو ولا تحزنو بہ لا بشرے یومئذ للمجومین ط اگر یہ ہے یمین و بسیار ہے اور دوم تعبیر خواب فصل کا لحاظ بھی ضرور ہے۔ کتب صحیح میں مذکور ہے۔ کہ ایک شخص حضرت یوسف علیہ السلام کی خدمت میں عرض پرداز ہوا۔ کہ میں نے خواب میں ستر دینار پائے۔ آپ نے فرمایا کہ ستر ہزار دینار پائے گا چنانچہ ویسا ہی ہوا تھوڑے دنوں بعد اسی شخص نے پھر وہی خواب دیکھا۔ آپ نے فرمایا تو تہمت میں گرفتار ہو وہ نہایت آشفتہ ہوا پھر آپ نے فرمایا وہ فصل تابستان تھی جسمیں شجر ثمر سے پھولے پھلے ہوتے ہیں پتے ہرے ہوتے ہیں جب وہ تعبیر تھی اب فصل زمستان ہے درختوں پر دست بر دخزاں ہے اب یہ تعبیر ہے ہر موسم اور ہر فصل کی علیحدہ تاثیر ہے اور موافق قاعدے جفر تاریخ قمری در روز خواب میں و خر کامل ہے۔ سعد نحس کی حقیقت ہر ایک تاریخ و روز سے حاصل ہے اس واسطے نقشہ تاثیرات تاریخ و روزات میں لکھا جاتا ہے عوام اس طور سے لگارش پاتا ہے سعد تاریخ سعد کا ہے

ان تاریخوں میں خواب سچے ہوتے ہیں۔ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۵ ۱۶ ۱۹ ۲۶ ۲۷ ۳۰

ان تاریخوں میں خواب دیر کے بعد سچے ہوتے ہیں ۴ ۵ ۱۱ ۱۲ ۱۶ ۱۷

ان تاریخوں کے خواب نیک و بد دونوں سچے ہوتے ہیں ۲۲ ۱۲ ۲۱ ۲۴

فال نامہ حضرت یحییٰ پیغمبر علیہ السلام

جس کو اپنے حسب حال دریافت کرنا مطلوب ہو نیت صدق سے خانہائے نقشہ ذیل میں انگلی رکھے اور نشان خانہ ہائے کے اشعار منظومہ سے موافق جواب ملے۔

۱۱	۲۱	۳۱	۴۱	۵۱
۱۲	۲۲	۳۲	۴۲	۵۲
۱۳	۲۳	۳۳	۴۳	۵۳
۱۴	۲۴	۳۴	۴۴	۵۴
۱۵	۲۵	۳۵	۴۵	۵۵

۱۱	این فال کہ با تو دستہ جانیست	با دولت و بخت کامرانیست	مقصود تو جملہ حاصل شود	زیرا کہ دلیل شادمانیست
۲۱	این فال تو ہست با سعادت	اقبال ترا کند زیادت	این حاجت تو کند روا زود	ہموارہ خدائے باد یارت
۳۱	اندیشہ کہ کردہ ای از وے حذر کن	در قدرت حق خود نظر کن	این کار مکن کہ رنج یابی	از صبر بگردد و نظر کن
۴۱	این فال تو ہست بازتر ادل	شاید کہ دراں کنی تامل	در آخر کار تو بر آید	گر تو بخدا کنی تامل
۵۱	فالیکہ زدی مقابل آید	دولت و بخت کامل آید	اندیشہ کہ کردہ حقیقت	شکر است کہ زود حاصل آید
۱۲	فالیکہ زدہ تو از تکلف	باید کہ دران کنی تامل	گر صبر کنی تو اندرین فال	یابی ز خود بخود تلطف
۲۲	این فال تو ہست بختیاری	بر شاخ امید بر تو داری	خوش باش کہ جملگی بر آید	مقصود مراد ہر چہ داری
۳۲	فالے تو ہست لیکن این کار	بود ست بدست بخت دشوار	دلدار توئی کہ این ہمہ وقت	آسان شود بخیر این کار
۴۲	در فال او ہست ست کامی	یابی تو مراد ہا تمامی	میدان کہ بیابی آرزو ہا	در دولت و بخت شادکامی
۵۲	این فال نکو ترا بر آید	زیرا کہ ازاں خجالت آید	گر صبر کنی امید باشد	کارے ز تو صبر بہتر آید
۱۳	این فال مبارکست برین گون	گردد ہمہ کارہا ہمایوں	مقصود مراد ہر چہ داری	بیشک شودت مکان اکنون
۲۳	فالے کہ زدی موافق آید	پر نور چو صبح صادق آید	این کار کہ بستہ تو اکنوں	انعام خدائے خالق آید
۳۳	فالے زدہ تو از سعادت	اقبال تو شد ازو زیادت	ازین فال نکو امید دار	یابی ہمہ مقصود از مرادت
	کارے تو ہمہ مراد گردد	در صبر تو انتظار گردد	تعجیل مکن بکردن این کار	شاید کہ فلک بکار گردد

۴۱	این فال تو آمدست روشن	کارے شودت چو روز روشن	بر دشمن خود شوی مظفر	لیکن بہ کمین نشستہ دشمن
۲۲	این فال تو باسعادت آید	اقبال تو بازیادت آید	باز آبشکار گاہ مقصود	خوش باش کہ شاہ شادت آید
۴۳	این فال بد آنکہ دل کشاید	زیرا کہ نسیم راحت آید	ہر کار کہ ہست باز ماند	بے یار بقین نمیکشاید
۲۲	این فال تو ہست بختیاری	زیرا کہ مرد بختیاری	تعجیل مکن کہ در بر آید	ہر کار کہ در ضمیر داری
۴۴	این فال ترا کہ شاد گردد	دوران تو ہر مرد و گردد	میدان بہ یقین مراد حاصل	بخت تو مراد مند گردد
۵۴	این فال تو خوشتر از بہارست	در گنج مراد سازگارست	اندیشہ مکن ز بیش و زین کار	زیرا کہ خدائے مہربانت
۱۵	این فال تو آمدست مظفر	گر صبر کنی ترا است بہتر	این را بکنی گریہ زاری	گردد تیو عاقبت مسخر
۲۵	این فال بکن کہ زود بہتر	ہر چیز کہ زود تر نکو تر	یابی تو مراد دل تمامی	با دولت و جاہ و خوشتر
۳۵	فالیکہ زدی ز رنج سختی	اندیشہ مکن ز تنگدستی	خوش باش کہ عاقبت برآید	این کار ترا ولے بہ سختی
۴۵	فالیکہ زدی حذر بکن تر	کارے نبود ز صبر بہتر	این کار مکن کہ اندرین کار	سود تو زیان شود سراسر
۳۴	فالیکہ زدی بفضل یزداں	با آنکہ تو ہستی از بزرگاں	این فال بر وصال دارد	یابی تو ہمہ بفضل یزداں

ردیف الالف

خواب	تعبیر
آب چاہ	فائدہ مند ہو۔ فتنہ وفساد بند ہو
" جاری	جو کام کرنا ہو یا ارادہ ہو وہ با انتظام خیر انجام ہو۔
" شور	فکر اندیشہ سے مضطر ہو۔ مال سے بے خبر ہو۔
آبگینہ	غم و اندیشہ لاحق ہو۔ مبتلائے فکر خلائق ہو۔
آب مصفا	درازی عمر و عیش و نعمت غیر مترقبہ کی علامت ہو۔
" مکدر	عمر کوتاہ، رنج و ملال و رسوا ہو۔
آتش	عورت مالدار و صاحب حشمت ملے۔
آسمان	مرتبہ بلند ہو۔ فرزند ارجمند ہو۔
" سے گذرنا	ذلیل و خوار ہو۔ گناہ میں گرفتار ہو۔

خواب	تعبیر
آسمان پر پہنچنا	دارین کی بزرگی اور فرحت کا سامان حاصل ہو
″ ″ اڑنا	سفر درپیش ہو. حاصل فتوح غیب ہو.
آفتاب کی روشنی دیکھنا	ترقی مدارج اور بہتری حال و مال کی دلیل ہے
″ کو پر ابر دیکھنا	غمگین و ملول ہو۔ فکر و اندیشہ فضول ہو۔
آلت سے خون جاری ہونا	ترقی سے تنزل ہو جاوے۔ اولاد کا غم اٹھاوے
آگ اٹھا لینا	منفعت بحیاب ہو صرف بے جا سے اجتناب ہو
″ جلا کے کچھ پکانا	″ ″ ″ ″
آگ جلانے میں کپڑا جلتے دیکھنا	آنکھ کو نقصان بہت پہنچے ملال سے سرگردان و پریشان ہو
آلت دار عورت دیکھنا	اگر حاملہ ہو لڑکا جنے۔ غیر حاملہ ہو تو بانجھ رہے
آلت اپنا کٹا ہوا دیکھنا	ترقی سے تنزل کی علامت ہے یا اولاد کا بیماری سے انتقال کرنا
اپنی آنکھ ہاتھ پر دیکھنا	نقد دولت پانے کی نشانی ہے۔
آئینہ نظر آوے	دوست یا خدمتگار ملے۔ دل کی تمنا بر آوے۔
آئینہ میں اپنی صورت دیکھنا	لڑکا تولد ہو یا کام سے معزول ہو یا جورو سے ملال ہو یا طلاق دے اور وہ دوسرا شوہر کرے۔
آسمان پر ابر دیکھنا	بادشاہ مہربان ہو
ابر کا ٹکڑا پانا اور اپنے صرف میں لانا	علم حاصل ہو فن طبیہ میں کامل ہو اگر کھا جائے تو بادشاہ یا حاکم سے فائدہ پاوے
ابر کا محیط ہونا	آفت میں مبتلا ہو۔ رنج حاصل ہو۔
آندھی آنا	بلا نازل ہو. چندے ″ ″ ″
اخروٹ دیکھنا	تجارت میں منفعت ہو. ثروت حاصل ہو
اخروٹ کا درخت دیکھنا	نخل تمنا بر آوے مسرت ہاتھ آوے۔
اذاں بیوقت دینا	ظلم و جفا کا شیوہ پسند آوے۔ خلقت کو تکلیف پہنچائے

خواب	تعبیر
اذان یا اقامت اپنے مقام پر کہنا	مال بےحساب ہو۔ مگر ذلیل وخوار رہے۔ انجام میں حج وزیارت ہو سعادت ہو۔
ارگن بجانا	افسر فوج حاکم شہر ہو جائے
آزار دیکھنا	عورت ملے۔ شادی ہو خانہ آبادی ہو
آزار بند دیکھنا	خدمتگار فرمانبردار ملے۔ عورت خوش اطوار ملے
اشرفی دیکھنا	فرزند نیک طالع پیدا ہو
اصحاب کو دیکھنا	برکت حاصل ہو۔ بشاشت وسرور کامل ہو
اعراض اعلیٰ دیکھنا	والدین کو ملال ہو۔ پریشانی کمال ہو
اناج کھانا	فکر واندیشہ کا سامان ہو۔ ناحق حیران ہو
انار شیریں	دولت دنیا سے مالامال ہو سرور فی الحال ہو۔
انار ترش	جسم آبلہ دار ہو جائے۔ تکلیف اٹھائے۔
انار کا درخت	لونڈی باکرہ ہاتھ آئے۔ یا منکوحہ لائے۔
انار پانا	روپیہ ملے۔ یا اولاد نیک
اولیاء اللہ کو خوشحال دیکھنا	دلیل جاہ واقبال ہے اور ترش وغضب ناک دیکھنا خلاف اس کے سمجھے
انجیر کھانا	مال حلال ملے۔ نفع کثیر حاصل ہو
انجیر کا پتہ	اندیشہ وبیماری کی نشانی ہے۔
انتڑی	زیادتی اسباب و متاع خانگی کی علامت ہے اور فارغ البالی کی اشارت
اندھا دیکھنا اپنے تئیں	منفعت سے محروم رہے۔ قصد سفر سے مغموم رہے۔
اندھیرا دیکھنا	دنیا کے کاموں سے چشم پوشی ہو۔
انگشتری	تولد فرزند ہو۔ یا غلام ملنے سے خورسند ہو۔
انگشتری سونے کی بے نگینہ	مردوں کے واسطے علامت برائی کی ہے۔ عورتوں کے واسطے اشارت

تعبیر	خواب
بھلائی کی دلیل ہے۔	دیکھنا
حکومت و مرتبہ بزرگی کی نشانی ہے۔	انگشتری پہننا
حکومت میں خلل پڑے۔	انگشتری سے نگینہ گرنا
جورو کی خیانت سے ملال کج بختی فی الحال ہو	〃 دوست کو پہنانا
فائدہ کثیر ہو۔ صاحب تدبیر ہو۔	انگور سفید دیکھنا
حاکم وقت یا بادشاہ سے کامیاب ہو۔	انگور سے شیرہ نکالنا
عورت سے فراق ہو۔ جدائی مشتاق ہو۔	انگشتری بیچنا
مال حرام ہاتھ آوے۔ اندیشہ سے کھائے۔	انسانی گوشت کھانا
شیریں بیان خوش الحان مشہور ہو۔	اوکھر کھانا
سختی و رنج ہو۔ ہر کام میں کشمکش و پنج ہو۔	اولاد دیکھنا
خوشحال ہو فارغ البال ہو۔	اولاد کھانا
اس قدر مال ملے کہ شمار نہ ہو سکے۔	اونٹ دیکھنا
سفر بے قصد درپیش ہو۔ مگر نفع گمان سے بیش ہو۔	اونٹ پر سوار ہونا۔
تنگدستی ہو جاوے۔ اندیشہ سے گھبرائے۔	انگلی متفرق دیکھنا
مقصد سے دور ہو۔ فکر و تردد کا فور رہے۔	〃 زیادہ دیکھنا
اولاد ہو لونڈی غلام ملے۔	〃 پائے کی دیکھنا
گناہوں سے تائب ہو۔ افعال نیک پر راغب ہو	آپ کو ہلاک دیکھنا
درازی عمر کی علامت ہے	اپنے تئیں قتل کرتے دیکھنا

ردیف الباۓ

تعبیر	خواب
ترقی دولت کی دلیل ہے۔	بادام دیکھنا
دولت و نعمت پائے۔ ثروت و حکومت ہاتھ آوے	بادشاہ کو دیکھنا
عزت و توقیر ہو۔ جاہ و دولت سے مسرت ہو۔	بادشاہ خندہ دیکھنا

خواب	تعبیر
بادشاہ کو غیر جگہ اترتے دیکھنا	اسجگہ پر آفت آئیگی اور وہاں کی زراعت برباد ہو جائے گی۔
بادشاہ کے ساتھ کھانا	درازی عمر کی ترقی دولت کا سامان ہو۔
" " کو بدمزہ دیکھنا	ضرور نقصان ہو۔ اندیشہ سے حیران ہو۔
بادشاہ کے ہمراہ اپنے تئیں دیکھنا	خویش و اقارب سے مفارقت ہو۔
باراں	اگر اپنے تمام شہر میں برستے دیکھے خوشی ہو اور جو خاص اپنے گھر میں برستے دیکھے تو فساد و بیماری ہو۔
بارانی	برکت کی نشانی ہے رنج پریشانی ہے۔
باز سے شکار کرنا	عاملان شاہی اس کے فرمانبردار ہوں
باغ دیکھنا	اگر سرسبز ہے تو خوشی اور عیش میسر ہو اور جو خشک دیکھے تو برعکس
بازو کٹا دیکھنا	بھائی یا عزیز کا غم اٹھائے رنج سامنے آئے
بازو داہنا دیکھنا	فرزند یا بھائی یا دوست ملے۔
" بایاں "	جورو یا ہمشیرہ سے ملاقات ہو۔
بال سر کے کٹے دیکھنا	مرد کا قرض ادا ہو جائے یا امانت سے سبکدوشی پائے اور عورت کے فرزند ارجمند ہو۔
بال کاٹتے دیکھنا	عورت کو شوہر طلاق دے۔
" سفید ہونا	وقار حاصل ہو۔ فاضل ہو۔ سیاہ دیکھے تو سردار ہو۔
" بڑھنا	مرد عورت جوان کو زیادتی مال و درازی عمر کی بشارت ہے۔ اور ضعیف کو تردد کی اشارت
بالاخانہ دیکھنا	قدر بلند ہو۔ مرتبہ عالی پائے حکومت ہاتھ آئے۔
بالو دیکھنا	اگر کم ہو زیادہ مال پائے۔
بال کا چھوٹا دیکھنا	تو انگر کو پراگندگی مال اور عالم کو پریشانی کمال ہو۔
باتیں کرنا	خدمت بڑی پائے۔ عہدہ ہاتھ آئے۔

تعبیر	خواب
خدمت بڑی پائے عہدہ ہاتھ آئے	باتیں بہت کرنا
سرداری کا سبب ہے۔	بردہ خرید کرنا
غم کی نشانی ہے۔ رات دن حیرانی ہے	بردہ بیچنا
عورت خوبصورت ملے۔ یا دوست سے راحت ملے۔	بیضۂ مرغ دیکھنا
دل کو خوشی و سرور ہو ملال خاطر دور ہو۔	برف کھانا
اگر موسم ہو زیادتی مال ہو۔ وگرنہ نقصان ہو۔	برف
خوف و آفت پیش آئے۔ جلد دفع ہو جائے	برج دیکھنا
خیر و برکت کا سبب ہے۔	بزرگان دین کو دیکھنا
بزرگی کی علامت ہے۔ ترقی دولت ہے۔	بازار دیکھنا
غم و اندوہ کی نشانی ہے۔ چندے سرگردانی ہے۔	بال ناک پر دیکھنا
مرتبہ بلند ہو۔ قوم میں ممتاز ہو۔	بلند جگہ چڑھنا
مرتبہ گھٹے اور تنزل عہدہ ہونے کی علامت ہے باعث نکبت و فلاکت ہے	بلندی سے اترنا
حاکم سے نفع ہونے کی دلیل ہے۔	بط دیکھنا۔
فراخی نعمت۔ ارزانی کا سبب ہے۔	بادشاہ سے لڑنا
مرض میں مبتلا ہو۔ اندیشہ ہوا ہو۔	بال ہتھیلی پر دیکھنا
رونق خانہ اور کشادگی رزق کی دلیل ہے بدصورت کو برعکس اسکے دیکھیے	بڑھیا خوبصورت دیکھنا
سردار قوم ہو کل جانوران حلال کی بھی یہی تعبیر ہے۔	بکری چرانا
لونڈی پارسا ہاتھ آئے۔	بقر دیکھنا
اگر فقیر ہے منفعت ہو۔ تونگر کو رنج ہو۔	بکتے آپ کو دیکھنا
دشمن سے مقابلہ ہو۔	بلی کو دیکھنا

ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ بکریاں گم ہوگئیں۔ ابوبکر صدیق سے کہا کہ تعبیر بیان کرو مراد بکریوں سے مناقبہ عرب عجمیاں کہ ظاہر منافع قبول کریں یا باطن میں مختلف ہیں اور

خواب	تعبیر
باکرا گوشت کھانا	چیز کفدہ مل جائے۔ غیب سے روزی پائے
نبدر دیکھنا	بیمار ہونے کی علامت ہے۔
بوسہ دیکھنا	دلی مطلب ملجائے۔ اعمال نیک پر میلان ہو۔
بوسہ دینا دشمن کا	رفع عداوت کی دلیل ہے۔
بوق بجانا	بلا میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے۔ باعث پریشانی ہے۔
بڈھا آپ کو دیکھنا	سفر بالخیر مراجعت کرے۔ گناہ معاف ہو عیوب سے پاک وصاف ہو۔
بہرہ آپ کو دیکھنا	علم یا دین کا نقصان ہو۔ یا بد خبر سے حیران ہو
بہشت میں جانا اور بہشت کا پھل کھانا	عالم با عمل اور متقی بے بدل ہو
بینگن دیکھنا	اگر موسم ہے تو اندیشہ ملال ہے ورنہ نیک اعمال ہے۔
برف کے صدمے سے مکان گرنا	حاکم شہر کی ہمخوابہ مرجائے
بیل دیکھنا	اس سال ارزانی ہو غلہ سے شادمانی ہو۔
بیل لاغر "	اس سال تنگی و قحط سے ملال ہو۔
بھیڑیا "	بادشاہ ظالم یا دشمن بدذات سے سابقہ ہو۔
بھوکا دیکھنا	مرفتن ہو۔ یا حصول جاہ میں سرگردان ہو۔
بھوں	اگر جبین دیکھے بزرگی اور ابروئے قدر حاصل ہو۔
بیمار آپ کو دیکھنا	عبادت میں خلل ہو۔ قصد سفر باطل ہو۔
بیمار یا مردہ دیکھنا	علامت صحت و تندرستی ہے۔
بلبل	مسرت و فرحت ہو اگر بیمار دیکھے تو صحت ہو
بہی	لڑکی پیدا ہو یا حمل ظاہر ہو۔ گرگھر سے باہر ہو
بھوزا دیکھنا	دفع ملال ہو مسرت فی الحال ہو۔

خواب	تعبیر
بکری کھو جانا	سردار قوم ہونے کی علامت ہے۔
〃 کا بچہ	خوشی کی علامت ہے۔

ردیف الپائے فارسی

خواب	تعبیر
پاؤں	علامت زینت و ترقی ہے۔
〃 زمین پر مارنا	مصیبت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔
پانی چشمہ کا پینا	مال و دولت بیشمار حاصل ہو۔ استغنا کامل ہو۔
پانی دریا	بادشاہ ہو یا حاکم وقت سے منفعت حاصل ہو
پانی دریا کا تمام پی جانا	بادشاہ ہو یا حاکم مالدار ہو۔
پالان	عورت ملنے کا اشارہ ہے
پانی پی کے سیر ہونا	فلاح و صلاح کی نشانی ہے۔
پارہ دیکھنا	وعدہ خلاف مشہور ہو۔ بدنام نزدیک و دور ہو
〃 گرنا	ایسا مال ملے جس کی قطع امید ہو
پائجامہ دیکھنا	عورت عیش دوست ملے آرائش بدن و صحت جسم میں مشغول رہے
پستہ	منفعت ہو۔ راحت ہو۔ نیک بشارت ہو۔
پری دیکھنا	بلند مرتبہ و حصول علم حقیقت کی علامت ہو۔ اگر بیمار یا مغموم ہو صحت و مسرت ہو۔
پلصراط	کسی ظالم سے رنج پہنچے یا امر اہم پیش آئے جس کے فکر میں متردد رہے۔
پیغمبر کو دیکھنا	رازداری کرے عیب جوئی سے باز رہے۔
پاخانہ پھرنا	حصول علم سے جدا نیک اعمال سے کنارہ ہو۔
پنجہ کٹا دیکھنا	مصیبت و حیرانی ہو
〃 ہاتھ کا دیکھنا	شریک یا برادر یا معتمد یا جورو ملے۔

خواب	تعبیر
پستان دیکھنا	جورو ملے یا اولاد نیک نہاد ہو.
پیر دیکھنا	غم اندیشہ میں مبتلا ہونا ہے
پھلو دیکھنا	عورت جوان ہمخواب ہو فرحت بیحساب ہو
پسلی دیکھنا	زیادتی دولت اور درازے عمر کی علامت ہے
پھلی ٹوٹی ہوئی دیکھنا	رنج و مصیبت سامنے آئے تردد سے گھبرائے
پھول سفید "	راحت و آرام ہو رفع آلام ہو.
پہاڑی بکری "	اگر زہو تو نفع ورنہ نقصان پہنچے.
پھول سرخ "	کونین کی بہتری اور خوشی حاصل ہو.
پہاڑ پر چڑھنا	بادشاہ یا حاکم یا دشمن قوی پر فتحمند ہو رفع گزند ہو. اور بلندی کی بھی یہی تعبیر ہے.
پہننے کا کپڑا دیکھنا	غم و افلاس شامل ہو. تردد لاحاصل ہو
پروانہ	اپنے ہاتھ سے آپ کو تہلکہ میں ڈالے پریشان رہے. کسی کی تلاش میں سرگردان رہے.
پشم چارپایہ	منفعت دولت کی نشانی راحت پیش آنی ہے.
پیالی شیر و شربت	عورت نیک گفتار یا خدمتگار ملے.
پیٹ شفاف.	مال و فرزند و قبیلہ کی زیب و زینت ہو.
پیاسا آپ کو دیکھنا	مال و فرزند اور دین کے کاموں میں خلل پڑے.
پیٹ انتڑیوں سے خالی	اقارب سے مفارقت و مہاجرت ہو.
پیٹھ	معین و مددگار غیب سے ہو.
پتھر پھینکنا	جھوٹ و تہمت میں گرفتار ہووے.
پیسہ پانا	عیش کی نشانی ہے مگر مال حرام ہاتھ آوے اور حرام میں جلد صرف ہو جاوے.

خواب	تعبیر
پیشاب کرنا	لڑکا بادشاہ ہو خود گمراہ ہو۔
پیشاب کرتی عورت دیکھنا	زیادتی شہوت ہو راضی ہم صحبت ہو۔
پیشاب خون کا گرنا	پیٹ میں لڑکا مر جائے۔ کلفت زیادہ پائے
پیشاب کرنا کپڑے پر	بنیا ہو۔ اگر صالح ہو نا سرزد ہو۔
پیشانی بلند دیکھنا	فرزند ہونے کی نشانی ہے۔
پیغمبر کو۔	سرداری و حکومت دنیا ہو بہتری عقبیٰ ہو۔ زندگی عیش سے بسر ہو جائے رنج سامنے نہ آئے۔
پتنگ دیکھنا	یار فروش ہو دروغگو مشہور ہے۔
پیر دبانا	مسرت و خوشی حاصل ہو

ردیف التاء تازی

خواب	تعبیر
تابوت اپنا دیکھنا	جس دشمن سے خوف ہو فتح پائے کامیابی ہاتھ آئے
تاریکی اپنی آنکھ کی	روشنی زیادہ ہو
تانبا	بادشاہ یا امیر سے نفع پہنچے۔
تدرو	مرغی بازی کرے۔
تربوز	فراخی اور نعمت ملے ہم چشموں میں حرمت ہو۔
ترش میوہ کھانا	جس قسم کا دیکھے رنج کا سامان ہو۔
ترنج	اگر کثرت سے دیکھے مال ملے نیکنامی ملے اور ایک دو دیکھے اولاد ہو بے آباد ہو۔
تکیہ	مرتبہ بلند ہو اور بزرگی حاصل ہو
تلوار	دشمن پر فتح پائے اور تیر و کمان اور گرز وغیرہ کی بھی یہی تعبیر ہے۔
تل	مالک نیک سے منفعت حاصل ہو۔

تعبیر	خواب
عورت سے فائدہ ہو	تنور
مال اور دولت سے مستغنی ہو	تھوک منہ سے بہنا
جس پر تھوکے اس کو ضرر ہو. ظالم مشتہر ہو.	تھوکنا کسی پر
مقصد حاصل ہو. راحت شامل ہو.	تیر مارنا
عمر دراز ہو. دشمن پر غالب ہو.	تیر سے لڑنا
مال حلال سے کامیاب ہو فائدہ بحساب ہو.	توت
کسی مرد دولتمند سے نفع پائے. یا عورت سبز رنگ سے حظ اٹھائے.	توت کا درخت
عیش دوست طبیعت ہو. صرف دولت ہو.	تنبور
حاکم کی حمایت میں رہے.	تعزیر دنیا
آلایش دنیا سے پاک ہے. اولاد بے باک ہو +	تالاب میں نہانا
رشتہ حیات مضبوط ہو. محبوبوں سے مربوط ہو +	تار
اگر درخت دیکھے مضمحل رہے اور پھول وپھل سے قوت بڑھے +	تال کھانا
اگر درخت دیکھے الم ہو. پھل وغیرہ سے آوارہ ہر دم ہو +	تاڑ
حاکم ہو. بادشاہ ہو. راحت خاطر خواہ ہو +	تخت
" " "	تخت پر بیٹھنا
دشمن پر غالب آئے. دنیا میں نیک نامی ہو +	توپ

ردیف التاء ہندی

تعبیر	خواب
رنج ومصیبت میں مبتلا ہو. ناحق سرگرداں ہو +	ٹوٹا ہوا تخت
گناہوں سے توبہ کرے. فسق سے باز رہے +	ٹنڈیاں کسی کو دیکھنا
زوجہ کنیز خوشحال ہاتھ آئے. خدمتگار سے راحت پائے	ٹھلیا
دین میں خرابی آنے کی علامت ہے +	ٹھٹھا کرنا

خواب	تعبیر
ٹھوڈی لمبی دیکھنا	سردار قبیلہ ہونے کی علامت ہے +
ٹڈی	لشکر کا حاکم ہو +
ردیف الثاء والمثلثہ	
ثرید	روزی کشادہ ہو۔ راحت بے اندازہ ہو +
ثریا	مرتبہ بڑھے۔ شاد و خرم رہے +
ردیف الجیم تازی	
جام۔	کامیاب برکنارہ ہو۔ دوست برباد ہو +
جراحت۔	دولت مند ہو - فرزند سعادت مند ہو +
جراحت سے خون	منفعت بے پایاں کی نشانی ہے ۔
جمال الٰہی دیکھنا	مومن کو فرحت ہو۔ مسلمانوں کو عزت ہو۔ عالموں کو پرہیز گاری +
جگر	عورت خوشحال ہاتھ آئے ۔
جنگ	عیب سے پرہیز کرے +
جنگل	رنج دفع ہو جائے ۔ دشمن پر فتح پائے۔
جنت	عورت پاکیزہ۔ خدمتگار خوش سلیقہ ملنے کی علامت ہے ۔
	فرحت بے نہایت ہے۔
جوتہ پہننا	امر دشوار کے واسطے سفر درپیش ہو۔ مفارقت عزیزان اور خویش ہو
جوئے آب	صادق القول اور نیک رفتار ہو۔
جوں	ضعیف و حقیر ہونے کی علامت ہے +
جھرنے کا پانی	مالدار صاحب جمال ہو۔
جھنڈا اسفید	امام وقت یا عالم ہونے کی نشانی ہے ۔
جھنڈا سبز	سخت سفر درپیش ہے۔
جھنڈا سرخ	خوشی حاصل ہونے کی علامت ہے ۔

تعبیر	خواب
ملعون اور بے تحقیر ہو۔	جونک
بیمار ہو۔ تکلیف اُٹھائے۔ مگر جان سے بچ جائے۔	جھنڈا زرد
سردار فوج ہو۔ یا قوم وغیرہ کو صحرا کی سیر ہو۔	جھنڈا سیاہ۔
دنیا میں ذی وقار ہو۔	جہاد کرنا۔
صحت و عافیت ہو جائے۔ درازی عمر و دولت پائے۔	جنازہ
ہوا و ہوس زیادہ بڑھے۔	جھولنا
خوشخبری سے شاد ہو۔	جھانج۔
غم و غصہ سے فرصت حاصل ہو۔	جہاز۔
ردیف الجیم فارسی	
رنج و غم دور ہو۔ حاصل سرور ہو۔	چاندی پانا
خفیف ملال ہو۔ دولت کا زوال ہو۔	چاندی کھوٹی
بادشاہ یا وزیر یا عالم ذی توقیر یا غلام نیک سیرت پائے۔ یا عورت جمیلہ ہاتھ آئے۔	چاہ
فرزند سعادتمند پیدا ہو۔ یا عورت صاحب جمال ملے۔ اگر عورت دیکھے۔ شوہر بے رتبہ ہو۔	چاند گود۔ گھر یا ہاتھ میں
نکبت و افلاک ہو اسقاط حمل ہو۔	چاند گرہن
حاکم سے منفعت ہو۔ ہر قسم کی راحت ہو۔	چاندنی
مال سے گھر بھرے۔	چاندی
کنیز حسین سے مواصلت حاصل ہو	چاندی کا ٹکڑا
عورت کے دھوکہ میں آئے۔ مگر کام میں لائے	چاندی دینا
خصومت میں سخت مبتلا ہو۔	چاندی گلانا
مال مشقت سے ہاتھ آئے مشترک سے راحت پائے۔	چاول

خواب	تعبیر
چہرہ شاہی دیکھنا	سلطنت پائے مرتبہ بلند ہو جائے
چادر دیکھنا	عورت صاحب عصمت ملے۔
چراغ "	عمر دراز ہو۔ راحت فراز ہو۔
چشم "	مدارج دین حاصل ہو نصرت پائے یا فرزند سے راحت پائے اگر بد و معیوب دیکھے بالعکس سمجھے۔
چشم اپنی زیادہ دیکھنا	مسافر ہو تو راہ بھول جائے
" تاریک "	امور دین و دنیا میں نام آور ہو یا بیماری فرزند و محبوب سے مضطر ہو۔
چشمہ "	خیر و برکت و حصول نعمت ہو۔
چھال درخت دیکھنا	فلاکت سے پریشانی حاصل ہو
چغد "	علو مرتبت ہو۔ زیادہ شوکت ہو۔
چقندر "	خیر و برکت ہو۔ تجارت میں منفعت ہو۔
چکی "	خلق میں ممتاز ہو۔
" بے دانہ چلتے دیکھنا	گفتگو بے فائدہ ہو۔
" پانی کی " "	اجل قریب ہو۔ دنیا سے رحلت نصیب ہو۔
چلتے ہوئے اذان دینا	حج کرے معصیت سے پاک کرے۔
چوہا دیکھنا	عورت نیک صورت و سیرت ہو۔
چوہے کو کھاتے دیکھنا	جس کی چیز کھائے۔ اس کو نقصان پہنچائے۔
چوبچہ دیکھنا	عورت حسین ملے
چھینکنا	مطلب جلد حاصل ہونے کی علامت ہے۔
چیل دیکھنا	فسق و فجور زیادہ کرے۔
چشمہ گھر میں دیکھنا	مرد صالح کے گھر میں خیر و برکت ہو۔
چیل کو گھر سے نکلتے دیکھنا	گھر کی ویرانی ہو۔ رہنے والے کم ہو جائیں پریشانی ہو

خواب	تعبیر
چائے پینا	صحت کامل ہو امید حاصل ہو
چیخنا	خوف ورجا سے پریشان رہے۔
ردیف الحاء حطی	
حاجن آپ کو دیکھنا	جورو پر غصہ کرے اگر عورت دیکھے تو غلبہ شہوت سے مرد کی رغبت ہو۔
حج کرنا	مقصد دل حاصل ہونے کی علامت ہو۔
حجر اسود کو بوسہ دینا	امام بزرگ سے فیض پائے۔
حرم شریف میں جانا	غم و اندیشہ دنیوی دور ہو۔
حق تعالیٰ کو حساب لیتے دیکھنا	مقیم کو خوشی و خرمی اور مسافر امن و عافیت سے اپنے گھر آئے۔
حلوا کھانا	عمر دراز عیش سے گزرے۔
حمام نہانا	مقصد حاصل ہو عیش کی طرف مائل ہو۔
" میں غسل کرنا	غم و اندیشہ زائل ہو۔
" کو سرد دیکھنا	عورتوں سے رنج حاصل ہو
حوض دیکھنا	خیر و برکت کی نشانی ہے۔
حیض ہونا عورت کو	بڑا گناہ صادر ہونے کی نشانی ہے
" سے پاک ہونا	مغفرت کی نشانی ہے۔
" میں دیکھنا مرد کا	عورت فاحشہ سے زناہ کرے برے اقدام دھرے خلق میں رسوا ہو۔
حلال کرنا	خیر و برکت زیادہ ہو۔ حاکم سے نہایت فائدہ ہو عزت اور توقیر زیادہ ہو۔
حرام کرنا	ذلت اٹھانی ہے۔ باعث پریشانی ہو۔

فائدہ اگر داؤد کو دیکھے بادشاہ ہو اگر عیسے کو دیکھے کام آسان ہو اگر موسے کو دیکھے خیر و عافیت میں مصروف رہے اگر حضرت رسالت پناہ صلعم کو خواب میں دیکھے مطلوب حرام ہو۔ دولت دین و دنیا ہاتھ آئے۔ خاتمہ بالخیر ہوجاوے ◆

خواب	تعبیر
ردیف الخاء معجمہ	
خاک برسنا	حصول نعمت ہو ۔ رفع کدورت ہو
خانہ بلع	منفعت کثیر بے تدبیر ہو ۔
خانہ مجہول منفرد	بیماری سے گور جہان کے یہ خواب نہایت منحوس ہے گناہوں سے توبہ کرے ۔
خطبہ پڑھنا	حفظ مراتب دین رہے ۔
خچر کا گوشت	کسی عورت کا مال ملنے کی نشانی ہے ۔
خچر پر سوار ہونا	مالک عورت خچر سے خیانت کرے ۔
خچری کا دودھ پینا	خوف و رنج میں مبتلا ہو ۔
״ اپنے پر سوار دیکھنا	درازی عمر کی علامت ہے عیش و نشاط کیطرف بشارت ہے
خرما	علم حاصل ہو ۔ دولت دین ملے
״ کا تخم	سفر درپیش ہو ۔ بعد رنج منفعت درپیش ہو ۔
״ ״ کھانا	روزی حلال ملے اچھی بات سنے ۔ بری باتوں سے پرہیز کرے ۔
״ ״ باغ میں دیکھنا	بزرگوں سے مال و نعمت پائے
بونا	فرزند پیدا ہو مطلب دل ہویدا ہو ۔
״ تر کھانا	اگر موسم ہو تو فرمانبردار ہو امتیاز پائے اور خلاف موسم میں بیماری پائے ۔
خربوزہ	نفع کثیر ہو روزی فراخ ہو ۔
خرگوش	مال حلال سے فائدہ اٹھائے ۔
خشخاش	״ ״ ״ ״ ״
خشت پختہ و خام	جسقدر دیکھے ہزار درم پائے ۔

خواب	تعبیر
خربوزہ کا کھیت	ہمت بلند ہو اور سعادتمند ہو۔
خطبہ	لڑکا پیدا ہو۔ قوت زیادہ ہو۔
خط پڑھنا	خوشخبری سنے یا وراثت پائے یا مال و اسباب جمع کرے۔ دن رات اسی فکر میں رہے۔
خط پڑھ کر مضمون سمجھنا	ایسے کام میں مشغول ہو کہ مددگار کی حاجت ہو تو عام رنج اور راحت ہو۔
خط مہری دیکھنا	خبر نیک و بد چھپائے۔ راز دار مشہور ہو جائے۔
خط کھلا ہوا ״	خبر پوشیدہ ظاہر ہو جائے۔
خطیب سے ملنا	خوش اوقات مرد سے ملاقات ہو۔
خطبہ	ولایت و بزرگی حاصل ہووے۔
خلال ہونا	خویش و اقربا سے خصومت حاصل ہووے
خوان	فراخی نعمت کی نشانی ہووے
خوان پر کھانا	درازی عمر کی نشانی ہے۔
خود	ہر آفات سے محفوظ رہے عورت نیک خصلت ملے۔
خوشہ	اگر درخت میں ہو اور شمار ہو تو خوشحال سال کی ہے اور اگر خرمن ہے تو دولت سے گھر بھرے۔
خوشبو	مشک وغیرہ ہر قسم کی خوشبو سے علم دین ملنے کی مراد ہے
خون کرنا	تندرستی و امن سے بسر کرے۔
خون میں لوٹنا	نعمت حاصل ہونے کی علامت ہے۔
خون کھانا	مال حرام ہاتھ کھائے۔
خناری	بیماری سے لاغر بہت رہے۔

اگر کوئی جوان کو دیکھے کہ اپنے دوست کا سر کاٹ رہا ہے تو دولت و راحت حاصل ہو اگر دشمن کا سر کاٹے تو ستم کرے

خواب	تعبیر
خیمہ وخرگاہ	بادشاہ ہو یا ولایت وملک ملے۔ یا سردار لشکر ہو لونڈی باکرہ ہاتھ آئے۔
ردیف الدّال مہملہ	
دانت گرنا	عمر دراز ہو۔ راستباز ہو۔
دانت اکھاڑنا	مال خاطر خواہ جمع ہو ان لوگوں سے قطع رحم کرے۔ جن کا ذکر ردیف سین میں آئیگا۔
دانت سونے کا	بیمار ہونے کی علامت ہے۔
دانت چاندی کا	مال برباد ہو جائے تکلیف سخت اٹھائے۔
دانت لکڑی کا	دنیا سے رحلت ہو۔ بیمار بشدت ہو۔ خلق کو نفرت ہو۔ بہایم سیرت ہو۔
داہنا ہاتھ مہندی میں	مرد دیکھے تو کسی کا خون کرے۔ مگر سرخرو عورت کو سرور ہو۔ رنج دور ہو۔
دہنہ	خویشوں سے رنج ہو۔ صاحب گنج ہو۔
درخت خاردار بے ثمر	بیمار ہونے کی نشانی ہو۔
درخت انجیر	مالدار ہو۔ نفع تجارت بشمار ہو۔
" شفتالو	شجاعت اور جوانمردی سے مال ملے۔
" سیب	مومن اور متقی مشہور ہو۔
" آلو	علت بد لاحق ہو گرفتار رنج ملالق ہو۔
" خربا سبز	عالم منفعت ہو۔ مال حاصل ہو۔
" کنجد	مرد سنخی سے نفع ملے۔
" کدّو	نفع اور برکت بہت ملے۔
" میوہ	مال قلیل حاصل ہو کسی دشمن سے شامل ہو رنج نہ اٹھائے شکایت نہ آئے۔

خواب	تعبیر
درخت کے پتے یا درخت بارور دیکھنا	درم ودینار واحتیاج سے زیادہ پائے یا وہ مال ملے جو بڑھتا جائے
درخت	سیرت نیک ہو یا فرزند پیدا ہو۔ گو تکلیف کمال ہو۔ کچھ نہ ملال ہو۔
" پر چڑھنا	جس سے خوف ہو اس سے نجات ہو۔ اگر خرما کے درخت پر چڑھے نقصان ہو۔
درم ودینار	کسی جاہل کو نصیحت کرے
درم نثار کرنا	نیک بات سنے اور قبول کرے
درم لینا	علم دین اور شادی فرزند ہو ۔ روزی بقدر حاجت ملے۔
دروازہ دیکھنا	عورت نیک دستیاب ہو
" کشادہ "	کشادگی رزق کی علامت ہو۔
" بند "	نکبت وتنگی کی نشانی ہے ۔
" حلقہ "	مالک یا رسول ہو۔
" گھر سے دور	عورت فاحشہ سے ملاقات ہو۔
دشمن سے بھاگنا	اگر خوف تکلیف دشمنی سے بھاگے تو مراد حاصل ہو ۔ آفت ہو یا رحمت کامل ہے ۔
دل	تدبیر کرنے والوں میں شمار ہو
دلال	رہنما وہادی سے ملے ۔
دف بجانا	عورت کا بجانا۔ خیر وشادی کی دلیل ہے ۔
دودھ عورت کا پینا	عورت منکوحہ ہے تو کمال الفت کرے ۔
دوشالہ	اجنبی باتیں بادشاہ سے سنے ۔

خواب	تعبیر
دوا جو تخم میں مستعمل ہیں	علم حکمت حاصل ہو آداب میں کامل ہو امید بر آئے کام انجام بخیر ہو جائے
دودھ دوہنا	کسب کمال حاصل کرے یا کسی عورت سے دولت پائے جسم اریں توانائی آئے
دودھ بھیڑ کا پینا	رنج میں مبتلا ہونا ہے.
دختر پیدا ہونا	اگر عورت دیکھے اولاد پیدا ہو.
دودھ حرام جانور کا پینا	اندیشہ و بیماری میں مبتلا ہونا ہے.
〃 حلال 〃 〃	روزی حلال ملے.
دوزخ سے نکلنا	دینداری میں قدم دھرے.
〃 میں آنا	دیکھنے والا گناہوں سے توبہ کرے
〃 کے عذاب میں گرفتار	دنیا کے مکروہات سے رنج و عذاب میں مبتلا رہے.
دونو ہاتھوں میں مہندی لگانا	مرد طلب معاش میں رنج اٹھائے عورت کو مبارک ہو مرد سے دل بہلائے
دریا سے پار اترنا	بادشاہ سے نفع ہو.
دریا	حاکم سے دولت بہت ملے.
دریا میں تیرنا	تحصیل علم میں صرف اوقات ہو.
دریا میں ڈوبنا	محاسبہ بادشاہ یا حاکم میں گرفتار ہو سختی و عذاب اٹھائے عرصہ میں نجات پائے
دوکان میں بیٹھنا	عزت و مرتبہ و بزرگی پائے.
دوات	جورو یا لونڈی حاملہ ہو.
دو منزلہ	عالی قدر لونڈی حاملہ ہو.
دو ناک اپنے دیکھنا	رنج سے سامنا ہو فکر جاہ سے حیران ہو.

روایت ہے کہ ایک عورت نے خواب دیکھا کہ میرے لڑکی پیدا ہوگئی اور ستون گھر کا ٹوٹ گیا۔ وہ صبح کو حضرت رسالتماب کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا۔ آپ نے فرمایا کہ گھر لڑکا پیدا ہوگا اور شوہر تیرا سفر سے بخیر آئے گا یہی خواب پھر دیکھا اور حضرت صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئی اسوقت آپ در دولت پر تھے اسنے صاحب مطہرات سے بیان کیا انہوں نے کہا تیری لڑکی پیدا ہوگی اور تیرا شوہر مرجائیگا جب تشریف لائے اسنے پھر کہا آپنے فرمایا کہ کس سے بیان کیا ہے اس نے کہا شاہان سے بعد تدبیر کے ارشاد ہوا اب یہی تعبیر ہے۔

خواب	تعبیر
دہی	روزی حلال ملے۔ اندیشہ سے نڈھال رہے
دہواں	جنگ وفتنہ اٹھے۔
دیو	اگر خوشرو دیکھے تو بلند مرتبہ ہو۔ اور علم حقیقت حاصل ہو بدرو دیکھے تو رنج ہو۔
دیگ	گھر عمدہ اور نفیس ملے
دیگدان	" " "
دینار سرخ	دین ودنیا کے کاموں میں قوت حاصل ہو۔ عالم وفاضل کامل ہو۔
دیوار	جلیل القدر از حد ہو۔
دیوانہ	جس کو دیکھے وہ مالدار ہو۔
دلدل دیکھنا	فکر مال سے ملال ہو پریشانی کمال ہو

ردیف الدال ہندے

خواب	تعبیر
ڈاڑہی	جاہ واقبال بڑہے ذی توقیر رہے۔
زیادہ "	ترقی نعمت ودولت کی نشانی ہے
ڈاڑہی قینچی	قرض میں مبتلا ہو۔
" تراشنا	زوال نعمت وجاہ ہو یا گمراہ ہو
" عورت	شوہر سفر سے مراجعت کرے۔
" دار لڑکی خود دیکھے	قبل بلوغ اور بعد بلوغ دیکھے تو لڑکی کی شادی کرے۔ توقیر ہو۔
